خواص برگد

استاذالحکماء حکیم محمد عبداللہ

فہرست

برگد کا تعارف

مختلف نام۔ اردو: برگد، **پنجابی:** بوہڑ، **بنگلہ:** بٹ، **مرہٹی:** بڑ، **ہندی:** بڑ، **گجراتی:** بڑ، **فارسی:** درخت ریشہ، **سنسکرت:** رکت پھل، **عربی:** کبیر الاشجار، **انگریزی:** بینیان، **لاطینی:** فائیکس انڈیکس۔

ماہیت۔ برگد کا درخت بہت گھنا اور اونچا ہوتا ہے۔ اس کی اونچائی 70 فٹ سے 100 فٹ تک ہوتی ہے۔ بعض درخت اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ ان کے نیچے ہزار ہا آدمی آرام کر سکتے ہیں۔

پتے۔ ابتدا میں ریشم کی طرح نہایت نرم اور سرخ رنگت لیے ہوئے ہوتے ہیں لیکن بعد میں سبز ہو جاتے ہیں۔ یہ بہت بڑے اور موٹے ہوتے ہیں اور پھاگن یا چیت کے مہینوں میں نکلتے ہیں۔

پھل۔ اس کا پھل گول ہوتا ہے بالکل بیر کی طرح۔ ابتدا میں اس پر روئیں ہوتے ہیں۔ پکنے کے بعد یہ سیاسی مائل سرخ ہو جاتے ہیں۔ ان کا ذائقہ شیریں ہوتا ہے۔ اسے بڑ بنٹے، بڑولی، بڑ بائی یا بوٹے کہتے ہیں۔

ریش/داڑھی برگد۔ اس کی شاخوں سے بہت سے باریک ریشے نکلتے ہیں۔ جن کو ریش برگد یا برگد کی داڑھی کہتے ہیں۔ پھر یہ بڑھتے، بڑھتے زمین تک پہنچ جاتی ہیں اور اس میں گھس کر اس کی نشو و نما کا ایک علیحدہ سلسلہ بن جاتا ہے۔ اس کو برگد کی جٹائیں کہتے ہیں۔

طبیعت۔ سرد خشک۔ شیر/دودھ برگد زیادہ سرد ہے۔

تاریخ۔ برگد پاک و ہند کا ایک سایہ دار درخت ہے جو چھتری کی طرح ایک بہت بڑے رتبے کو گھیر لیتا ہے۔ چونکہ اس کا تنا اس تمام پھیلے ہوئے چھتر کو جو شاخوں اور ٹہنیوں سے بنا ہوتا ہے سہار نہیں سکتا۔ اس لیے اس کی شاخوں سے بہت سے لمبے لمبے ریشے لٹک کہ زمین کے اندر دھنس جاتے ہیں۔ ان جڑوں کو ہوائی جڑیں کہہ سکتے ہیں۔ دریائے چناب کے کنارے اس درخت کے پیڑ اس قدر پھیل جاتے ہیں کہ تمام گاؤں اس کے نیچے سما جاتا ہے۔ پشاور میں ہیوسانگ کے زمانے میں بڑ کا ایک درخت تھا جس کے نیچے بہت گھنی آبادی تھی۔ اب بھی پشاور منڈی میں ایک بہت بڑا درخت کھڑا ہے۔ سکندر اعظم کے زمانے کے ایک مورخ

کہتے ہیں کہ انہوں نے پنجاب میں اس قدر بڑے بڑے درخت دیکھے۔ جن کے نیچے سکندر کی تمام فوج سما گئی۔

گوتم بدھ نے گیا کے مقام پر جس درخت کے نیچے گیان حاصل کیا تھا وہ بھی برگد ہی کا درخت تھا اور اب سے چند سال پہلے تک موجود تھا۔

فیروز سنز کے مطبوعہ اردو انسائیکلوپیڈیا میں برگد کے بارے میں درج ہے کہ بڑ ایک شاندار درخت ہے۔ جب اس کے پرانے پتے جھڑ جاتے ہیں تو ان کے نشان باقی رہ جاتے ہیں۔ نئ کونپلوں کی حفاظت پر نما پتے گرتے ہیں۔ جب کونپلیں نکل آتی ہیں تو گرمی سے حفاظت کی ضرورت نہیں رہتی اور پتے خود بخود جھڑ جاتے ہیں۔

موسم سرما میں بڑ پر بڑ بنٹے لگتے ہیں اور ہر پتے کی ڈنڈی کے حصے پر ان کا ایک جوڑا ہوتا ہے۔ لیکن یہ پھول نہیں ہوتے اگرچہ ابتدا میں یہ پھول ہی ہوتے ہیں۔

ایک پکے بڑ بٹے کو تراشا جائے تو چاروں طرف ننھے، ننھے پھول لٹکتے نظر آئیں گے۔ جب یہ پک کر سرخ ہو جاتا ہے تو بیج بھر جاتے ہیں اور پرندے ان کو بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ بڑ بنٹے کے بالائی حصے میں ایک سوراخ ہوتا ہے جس کے ذریعے بھڑ جیسے کیڑے اندر انڈے دے دیتے ہیں اور ان انڈوں سے جب کرم باہر آتے ہیں۔ تو زرد دانے لے کے دوسرے پھول میں داخل کر دیتے ہیں ۔ اس طرح سے یہ پھول بار آور ہو جاتے ہیں۔

سر کی بیماریاں

سر کی بے انتہا بیماریوں میں سے جن امراض میں برگد سے بطور دوا فائدہ حاصل کیا جاتا ہے وہ مع علاج درج ذیل ہیں۔ حسب موقعہ آزما کر فیض یاب ہوں۔

نسیان

اگر حافظہ نہایت کمزور ہو گیا ہو اور یاد کی ہوئی باتیں دل سے اتر جاتی ہوں تو مرض نسیان خیال کرنا چاہیے۔ اس کے لیے ذیل کا نسخہ دیں۔

نسخہ نمبر 1۔ ھوالشافی۔ برگد کا چھلکا حسب ضرورت لے کر سایہ میں خشک کر لیں اور پھر باریک پیس کر اس میں سے 10 تولہ چھلکا اور کھانڈ یا مصری 20 تولہ میں ملا کر رکھیں اور اس میں سے چھ چھ ماشہ کی پڑیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک پڑیا بوقت صبح اور ایک رات کو سوتے وقت گائے کے آدھ سیر گرم، گرم دودھ سے استعمال کیا کریں۔

پرہیز۔ ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد۔ نسیان کو دور کرنے کی بفضل خاص چیز ہے۔ قوت حافظہ کو بڑھاتی ہے۔

حبوب ست برگد

نسخہ نمبر 2۔ ھوالشافی۔ حسب ترکیب نمبر 1 برگد کا ست نکال کر رتی، رتی کی گولیاں بنا لیں اور اوپر چاندی کے ورق لگا کر احتیاط سے رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک گولی صبح و شام دودھ سے کھایا کریں۔

فوائد۔ مقوی دماغ، دافع نسیان و خیالات فاسدہ ہیں۔

چکر آنا

اگر چکر آتا ہو یا بیٹھے، بیٹھے اٹھنے سے آنکھوں کے رو برو اندھیرا سا چھا جاتا ہو یا تمام چیزیں گھومتی ہوں تو ان سب کے لیے ہی ذیل کی گئی گولیاں مفید ہیں۔

نسخہ نمبر 3۔ ھوالشافی۔ حبوب ست برگد ایک سے دو گولیاں بوقت صبح بادام اور قدرے خشخاش کی ــ سے دیا کریں۔ ان شاء اللہ آرام ہو گا۔ ست برگد کے طریق پر یہ گولیاں تیار کریں۔

سہل چٹکلہ۔ اگر ست برگد تیار نہ ہو تو ذیل کے چٹکلہ پر عمل کریں۔ اس سے وہی فوائد حاصل ہوں گے۔

نسخہ نمبر 4۔ ھوالشافی۔ برگد کے نرم نرم پتے دو تولہ پاؤ بھر پانی میں گھوٹ چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔

گنجا پن

اگر کسی شخص کے سر پر بال نہ ہوں تو وہ بہت ہی برا معلوم ہوتا ہے۔ خصوصاً جس کو مرضِ گنج ہو جائے تو وہ نہایت ہی حقیر خیال کیا جاتا ہے۔ لوگ اس سے گھن کرتے ہیں اور اس پر طرہ یہ کہ گنجا آدمی شرارتی بھی خیال کیا جاتا ہے۔ لہذا ہم ایک آسان سی دوا عرض کرتے ہیں۔ جس سے بفضلہ اس مرض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ گویا دوسرے معنوں میں آدمی ایک بے عزتی سے بچ جاتا ہے۔

نسخہ نمبر 5۔ ھوالشافی۔ برگد کے پتے لے کر السی کے تیل میں پھونک لیں اور صبح و شام گنج پر ملا کریں۔ اگر اللہ کا فضل شامل حال ہوا تو بال اگ آئیں گے۔ نہایت آسان نسخہ ہے۔

برگد کا تیل

بالوں کو لمبا کرنے کے لیے برگد کا تیل بھی مفید ہے ۔ ترکیب تیاری ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

نسخہ نمبر 6۔ ھوالشافی۔ برگد کے پتوں کو پانی سے دھو کر صاف کریں پھر اچھی طرح کھرل کر کے آگ پر گرم کریں۔ تھوڑی دیر میں تیل علیحدہ ہو جائے گا۔ یہ تیل حسب ضرورت سر پر لگائیں۔ گنج کے لیے مفید ہے۔

نزلہ و زکام

نزلہ و زکام عالمگیر بیماریاں ہیں۔ لوگ ان کے لیے چائے کو اکسیر خیال کرتے ہیں۔ حالانکہ بعض حالتوں میں چائے نہ صرف غیر مفید بلکہ مضر ہے۔ ہم ذیل میں برگد کے ذریعے چائے تیار کرنے کا طریقہ درج کرتے ہیں۔ جس سے بفضل تعالی نزلہ و زکام نہایت آسانی سے دور ہو جاتا ہے۔

برگد کی چائے

نسخہ نمبر 7۔ ھوالشافی۔ برگد کے نرم نرم پتے جو سرخ رنگ کے ہوتے ہیں لے کر سایہ میں خشک کر لیں اور ان کو ذرا جوکوب سا کر کے ڈبوں میں بند کر دیں اور بوقت ضرورت اس میں پانچ چھ ماشہ لے کر آدھا سیر پانی میں پکائیں جب آدھا پانی باقی رہ جائے تو چھان کر اس میں حسب دستور دودھ اور کھانڈ ملا کر چائے کی طرح پیئیں۔ صبح و شام استعمال کریں۔

فوائد۔ نزلہ و زکام کو مفید ہے اور مقوی دماغ ہے۔

نیند کی زیادتی

نیند کی زیادتی بھی ایک مرض ہے جو کہ اکثر شخصوں کو ہوا کرتا ہے۔ اس کام میں تقریباً ہر وقت اونگھتا رہتا ہے۔ اس لیے اس کا کوئی کام بھی کماحقہ سر انجام نہیں پا سکتا۔ اس کے لیے ذیل کا آسان چٹکلہ بفضل تعالیٰ نہایت مفید ہے۔

نسخہ نمبر 8۔ ھوالشافی۔ برگد کے سخت سخت پتے لے کر سایہ میں خشک کر لیں اور اس میں سے ایک تولہ پتے لے کر سیر بھر پانی میں جوش دیں۔ جب پاؤ بھر پانی باقی رہ جائے تو اس میں ایک ماشہ نمک ملا کہ صبح و شام پیا کریں۔ اس کے چند روزہ استعمال سے خدا کے فضل سے پوری شفا ہو جائے گی۔

نہایت نفیس چائے کا نسخہ

نسخہ نمبر 9۔ ھوالشافی۔ ریش/داڑھی برگد کوٹ کر ڈبوں میں بند رکھیں اور بوقت ضرورت اس میں سے پانچ ماشہ یا کم و بیش لے کر حسب دستور پانی میں جوش دے کر چائے تیار کریں اور کھانڈ اور دودھ ملا کر پیا کریں۔

فوائد۔ دافع نزلہ و زکام، جریان منی و مغلظ منی ہے۔ ایک شخص ہمیشہ اس چائے کا استعمال کا کرتا تھا اور ہمیشہ تندرست رہتا تھا۔ اس کا بیان ہے کہ جب سے میں اس چائے کا استعمال کرنے لگا ہوں اسی روز سے بفضل تعالی ہر مرض سے امن میں ہوں۔

ہمیں چاہیے کے خلقت کی اندھی تقلید کی بجائے اس چائے سے نفع حاصل کر کے مالی اور بدنی منافع حاصل کریں۔

آنکھوں کی بیماریاں

امراض چشم تو اس قدر ہیں جن کی کچھ انتہا نہیں۔ مگر ہمارے پیش نظر وہی ہیں جن کا برگد کی دوا سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

آشوب چشم

دھکتی ہوئی آنکھوں کے لیے جس قدر بھی عمدہ سے عمدہ نسخے ہم نے اپنی تصانیف کے اندر پیش کیے ہیں۔ غالباً اس کی نظیر مشکل سے ملے گی۔ مگر پھر بھی بقول کسے (ہتھیار وہ جو وقت پر چل جائے) یہاں بھی ایک ٹوٹکہ درج کرتے ہیں۔ وقت پر آزما کر دیکھیں۔

نسخہ نمبر 10۔ ھوالشافی۔ برگد کی کونپل توڑ کر اس میں سرمچو کے دونوں سرے تر کر کے آنکھوں میں فوراً ڈالیں ۔ درد کو بند کرنے میں اچھی مفید تدبیر ہے۔ سرخی کو زائل کرنا اس کا اولین کام ہے۔

جالا، دھندلا

نسخہ نمبر 11۔ ھوالشافی۔ دھند، جالا کو کاٹ کر نظر درست کرنے کے لیے بھی شیر/دودھ برگد بڑی مفید دوا ہے۔ صبح و شام ایک ایک سلائی اللہ کا نام لے کر ڈالیں۔

سرمہ جمیع الفوائد

نسخہ نمبر 12۔ ھوالشافی۔ سرمہ سیاہ یا سفید اڑھائی تولہ کو شیر/دودھ برگد میں تمام دن کھرل کر کے سرمہ کو مانند غبار تیار رکھیں اور بوقت شب اس میں سے تین تین سلائی اللہ کا نام لے کر استعمال کریں۔ دھند، جالا، سرخی، پانی بہہ جانا، نظر کی کمزوری کو مفید ہے۔

برگد کا نمک۔ پھولے کے لیے اکسیر

نسخہ نمبر 13۔ ھوالشافی۔ برگد کی خشک لکڑیوں اور پتوں کو جلا کر مٹی یا لوہے چینی کے برتن میں ڈال کر آٹھ گنا پانی میں بھگو دیں اور تین دن تک پڑا رہنے دیں۔ دن میں تین مرتبہ برگد کی لکڑی سے اس محلول کو ہلاتے رہیں۔ چوتھے دن نہایت آرام سے نتھرا ہوا پانی اتار لیں اور نرم آنچ پر پکانا شروع کریں۔ جب تمام پانی اڑ جائے تو جو سفوف بچے اسے اکٹھا کر لیں۔ وہی برگد کا نمک ہے۔

فوائد۔ سلائی کے سرے پر تھوڑا سا نمک لگا کر پھولے پر لگائیں۔ ان شاء اللہ چند روز میں پھولا رفع ہو گا۔

ناک، کان اور دانتوں کی بیماریاں

برگد سے تیار ہونے والے وہ نسخہ جات ذیل میں بیان کیے جاتے ہے جو کہ مرقومہ بالا اعضاء کے متعلق امراض میں مفید ثابت ہوئے ہیں۔

ناک میں زخم ہو جانا

ناک کے زخم کا مندمل ہونا ذرا مشکل ہوتا ہے۔ اس لیے ہم ایک مشہور و معروف حکیم صاحب کا معمول مطب نسخہ پیش کرتے ہیں۔

نسخہ نمبر 14۔ ھوالشافی۔ زخم کے اوپر تازہ تازہ برگد کا دودھ ٹپکائیں یا روئی کی پھریری سے لگائیں۔ چند بار لگانے سے فائدہ ہو گا۔

نکسیر

نسخہ نمبر 15۔ ھوالشافی۔ برگد کا چھلکا سایہ میں خشک کر کے خوب باریک پیس لیں اور بطور نسوار ذرا سا سونگھا دیں۔

نسخہ نمبر 16۔ ھوالشافی۔ کونپل برگد یعنی چھوٹے چھوٹے نہایت نرم نرم پتے لے کر پانی میں بطور سردائی گھوٹ چھان کر اس میں مصری ملا کر پیئیں۔

نسخہ نمبر 17۔ ھوالشافی۔ برگد کے پتے جو سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ ذرا سا پانی ڈال کر خوب باریک پیسیں اور مریض کی پیشانی پر لیپ کر دیں۔ ان شاء اللہ نکسیر کا خون مرقوم بالا تدابیر سے ضرور بالضرور بند ہو جائے گا۔

کان کے کیڑے

نسخہ نمبر 18۔ ھوالشافی۔ اگر کان میں کیڑے پڑ گئے ہوں۔ تو مندرجہ ذیل طریقے سے کام لینا چاہیے۔ بکری کا دودھ 3 ماشہ نیم گرم کر کے اس میں تین قطرے برگد کا دودھ ڈال کر فوراً کان میں ڈال دیا کریں۔ اسی طرح تین دن تک عمل کرنے سے کان کے کیڑے دور ہو جاتے ہیں۔

داڑھ درد

نسخہ نمبر 19۔ ھوالشافی۔ داڑھ درد کے لیے برگد کا دودھ مفید ہے۔ اگر دانت بوسیدہ ہو گیا ہو اور اس میں گڑھا پڑ گیا ہو تو چاہیے کہ روٹی کی پھریری کو برگد کے دودھ میں تر کر کے سوراخ میں رکھ دیں۔ درد ان شاء اللہ بند ہو جائے گا۔

بوسیدہ دانت اکھاڑنا

نسخہ نمبر 20۔ ھوالشافی۔ اگر ہلتے ہوئے دانت پر برگد کا دودھ اس طریق سے لگاتے رہیں کہ کسی دوسرے دانت پر نہ لگنے پائے تو وہ بلا تکلیف نکل جاتا ہے۔

تریاق صفت منجن

دانتوں کی بہت ساری امراض کے لیے ذیل کا منجن نہایت عجیب و غریب ہے۔

نسخہ نمبر 21۔ ھوالشافی۔ پوست برگد، کتھ، مرچ سیاہ پیس کر رکھیں اور بطور منجن استعمال کیا کریں۔ دانتوں کا ہلنا، میل، غلاظت وغیرہ کو دور کر کے دانتوں کو سفید بنا دیتا ہے۔

سینہ، پھیپھڑے اور دل کی بیماریاں

کھانسی

نسخہ نمبر 22۔ ھوالشافی۔ برگد کا چھلکا اتار کر سایہ میں خشک کر لیں اور کوٹ کر ڈبے میں ڈال رکھیں۔ بوقت ضرورت اس میں سے 3 ماشہ سفوف لے کر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ باقی رہے تو اس میں شہد یا مصری یا نمک ملا کر پلائیں۔

مفید چائے

نسخہ نمبر 23۔ ھوالشافی۔ ریش/داڑھی برگد سایہ میں خشک کر کے کوٹ کر سنبھال رکھیں اور بوقت ضرورت صبح و شام پانی میں جوش دے کر اور اس میں دودھ اور میٹھا ڈال کر چائے کے طور پر پیا کریں۔ چائے کا مزہ بھی آئے گا اور بفضل تعالی آرام بھی ہو گا۔

حبوب کھانسی

نسخہ نمبر 24۔ ھوالشافی۔ ست برگد کی گولیاں بنا کر مریض کو سخت کھانسی کے وقت منہ میں رکھ کر چوسنے کی ہدایت کریں۔

دمہ

نسخہ نمبر 25۔ ھوالشافی۔ مرقومہ بالا طریقوں کے بمو جب پلانا دمہ کو بھی مفید ہے مگر ایسی سخت بیماریوں میں ذرا مدت تک صبر و استقلال سے استعمال کرتے رہنے کی اشد ضرورت ہے۔

نسخہ نمبر 26۔ ھوالشافی۔ نمک برگد نسخہ نمبر 13 چار چاول، چینی 3 ماشہ میں آمیز کر کے استعمال کریں۔ کھانسی اور دمہ کے لیے اکسیر ہے۔

سل و دق

نسخہ نمبر 27۔ ھوالشافی۔ ریش/داڑھی برگد ایک سیر سایہ میں خشک کریں اور باریک کپڑ چھان کر کے چھ ماشہ مع تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

چالیس یوم بلا ناغہ استعمال کرانے سے سل درد و رفع ہو جاتے ہیں۔ غذا کے طور پر تھوڑا سا گلقند کھلا دیا کریں۔

سل کی وجہ سے خون آنا

نسخہ نمبر 28۔ ھوالشافی۔ ریش/داڑھی برگد چھ ماشہ۔ دوب سفید چھ ماشہ پیس کر آدھا پاؤ پانی ڈال کر چھان لیں اور ایک ماشہ کتھ سفید چھڑک کر پلائیں۔ فائدہ ہو گا۔

دل کی بیماریاں

گو یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ دل کے ہر ایک مرض کا علاج بڑی بڑی قیمتی ادویات سے ہوتا ہے مگر یہ غریبوں کے دل کی دھڑکن کے لیے ذیل کے دو نسخے بلا قیمت ہونے کے باوجود حد درجہ مفید ہے۔

دل دھڑکن

نسخہ نمبر 29۔ ھوالشافی۔ برگد کے وہ پتے جو بہت سخت نہ ہو چکے ہوں بلکہ نرم نرم اور سبز ہوں۔ ایک تولہ لے کہ پندرہ تولہ پانی میں خوب گھوٹ چھان کر اس میں قدرے مصری ملا کر صبح و شام پلایا کریں۔

فوائد۔ اگر دل دھڑکتا رہتا ہے تو اس سے بفضل تعالی آرام ہو جائے گا۔

حبوب مقوی قلب

نسخہ نمبر 30۔ ھوالشافی۔ امیر طبع حضرات کے لیے اگر آپ خود بنا کر اپنے پاس سے دینا چاہیں تو برگد کے ست کی گولیاں بقدر رتی رتی بنا لیں اور ان کی خوبصورت بنانے کے لیے اوپر چاندی کے ورق چڑھا لیں۔ بس تیار ہیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک گولی سے دو گولی موسم گرما میں مناسب شربت اور موسم سرما میں تازہ پانی سے دیا کریں۔

فوائد۔ علاوہ صد ہا خدا داد فوائد کے مقوی قلب اور دل کی دھڑکن کو از حد مفید ہے۔

معدہ اور آنتوں کی بیماریاں

معدہ کی گو بہت سی بیماریاں ہیں مگر جن اکثر الوقوع بیماریوں میں برگد سے دوا کے طور پر فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے، وہ مع علاج ذیل میں درج ہیں۔

متلی

نسخہ نمبر 31۔ ھوالشافی۔ اگر جی متلاتا ہو تو برگد کے پتے 2 تولہ لے کر پانی میں گھوٹ کر چھان لیں بلکہ اگر مل سکیں تو اس میں 7 عدد لونگ بھی ملا لیں۔ اگر مریض کی طبیعت چاہے تو قدرے مصری بھی ملا سکتے ہیں۔ اس میں سے گھونٹ، گھونٹ پندرہ، پندرہ منٹ کے بعد دیتے رہیں۔ متلی بفضل تعالی دور ہو گی۔

قے

نسخہ نمبر 32۔ ھوالشافی۔ اگر قے کسی طرح رکنے میں نہ آتی ہو تو بفضل تعالی ذیل کے چٹکلہ سے ضرور بالضرور بند ہو جاتی ہے۔ ریش برگد کی نرم، نرم سوئیں 6 ماشہ لے کر پانی میں گھوٹ کر اور چھان کر بطریق سابق پلا دیں۔ خاص الخاص نسخہ ہے بلکہ اس سے خونی قے بھی رک جاتی ہے۔

لوگ ان چٹکلوں کو معمولی سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں۔ ورنہ ان کے زود اثر ہونے میں کلام نہیں۔

پیچش

نسخہ نمبر 33۔ ھوالشافی۔ برگد کی جڑ کا چھلکا سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس میں سے تین، تین ماشہ کی مقدار صبح، دوپہر، شام یعنی دن میں تین بار چاولوں کے پانی یا محض کنویں کے سادہ پانی سے دیا کریں۔ ان شاء اللہ اس سے بہت جلد پیچش رفع دفع ہو جاتی ہے۔

نسخہ نمبر 34۔ ھوالشافی۔ اگر مروڑ میں آؤں ملی ہوئی آتی ہوں اور وہ کسی طرح بند ہونے میں نہ آتی ہو تو چاہیے کہ روزانہ بوقت صبح تین ماشہ برگد کا دودھ مریض کے کھلایا کریں۔ اس سے خدا کی عنایت سے ایسی پیچش جس میں آؤں آ رہی ہو یقیناً دور ہو جاتی ہے۔

دست

دستوں کو بند کرنے کے لیے وہ نسخے جو پیچش کے بیان میں مذکور ہو چکے ہیں بہت مفید ہیں۔ علاوہ ازیں ذیل کا نسخہ بھی بہت فائدہ مند ہے۔

اسہال بند کرنے کا خیسانده

نسخہ نمبر 35۔ ھوالشافی۔ برگد کی کچی کلیاں 6 ماشہ پانی میں گھوٹ کر اور اس میں قدرے مصری ملا کر پلانے سے دست بند ہو جاتے ہیں۔

طلسم

نسخہ نمبر 36۔ ھوالشافی۔ برگد کا دودھ مریض کی ناف میں بھر دیں اور کچھ ارد گرد لگا دیں۔ دست فوراً بند ہو جائیں گے۔

مقعد کی بیماریاں

خروج مقعد

نسخہ نمبر 37۔ ھوالشافی۔ برگد کا چھلکا بہت سے پانی میں جوش دے کر اس سے مریض کے آب دست کرا لیا کریں۔ نیز اس پانی میں کم از کم آدھا گھنٹہ بٹھایا کریں۔ خروج مقعد کے لیے مفید ہے۔

بواسیر

بواسیر ایک ایسی موذی بیماری ہے کہ جس کو لوگ اب قریب قریب لا علاج خیال کرنے لگے ہیں۔ حالانکہ شافی حقیقی نے اس کے بہت سے تریاق پیدا کیے ہیں۔ چنانچہ ہمارے مبحث فیہ میں بھی اللہ رب العزت نے بواسیر کو ردفع کرنے کی تاثیر و دیعت فرمائی ہے۔ اگر فائدہ حاصل کرنے کے خواہاں ہوں تو ذیل کی سطور کو پڑھیں۔

خونی بواسیر

نسخہ نمبر 38۔ ھوالشافی۔ اگر بواسیر کی وجہ سے پاخانہ کی راہ خون آتا ہو اور اس کی رنگت سیاہ نہ ہو تو برگد کی لکڑی سایہ میں خشک شدہ کا کوئلہ لے کر باریک پیس لیں اور تین، تین ماشہ کی پڑیا باندھ لیں اور صبح و شام ایک، ایک پڑیا ہمراہ تازہ پانی استعمال کراتے رہیں۔ ان شاء اللہ خونی بواسیر سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

نسخہ نمبر 39۔ ھوالشافی۔ اڑھائی تولے برگد کے نرم، نرم پتے پاؤ، ڈیڑھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر پلایا کریں۔ اس سے خون تو ان شاء اللہ اثر پہلے حد دوسرے تیسرے روز بند ہو جاتا ہے اور کچھ روز کے لگاتار استعمال سے پورے طور پر آرام ہو جاتا ہے۔

خون کا بہاؤ

نسخہ نمبر 40۔ ھوالشافی۔ درخت برگد کی کونپل چھ ماشہ رگڑ کر شیرہ نکال کر ڈیڑھ تولہ مصری ملا کر پیئیں۔ بواسیر خونی دور ہو جائے گی۔ نکسیر اور منہ سے خون آنے میں بھی بے نظیر چیز ہے۔

بواسیر بادی

نسخہ نمبر 41۔ ھوالشافی۔ جس بواسیر کے مریض کو خون نہ آتا ہو بلکہ بادی بواسیر ہو تو اس کے لیے چاہیے کہ پوست برگد 2 تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پاؤ بھر باقی رہ جائے تو پن چھان کر اس میں ایک تولہ گائے کا گھی اور ایک تولہ دیسی کھانڈ ملا کر نیم گرم پلائیں۔ اس سے بادی بواسیر دنوں میں دور ہو جاتی ہے۔

ہر قسم کی بواسیر کو دور کرنے کا سنیاسیانہ چٹکلہ

نسخہ نمبر 42۔ ھوالشافی۔ بوقت صبح بعد از قضائے حاجات ضروریہ تین ماشہ دیسی کھانڈ اور اس میں پہلے دن دس قطرے شیر/دودھ برگد کے اس کھانڈ میں تازہ ٹپکا کر کھالے اور دوسرے روز علی ہذا القیاس ایک قطرہ بڑھایا جائے۔ جب پچیس قطروں پر پہنچ جائے تو پھر کم کرنے لگے اور دس قطروں پر لا کر چھوڑ دے۔ ان شاء اللہ ہر قسم کی بواسیر کے پنجے سے رہائی نصیب ہو گی۔

بواسیر کے مسوں کو دور کرنے کا نسخہ

نسخہ نمبر 43۔ ھوالشافی۔ برگد کی لکڑی کو جلا کر کوئلہ کر لیں اور اس کو خوب باریک پیس کر گائے کے مکھن دو چند میں (جو ایک سو بار پانی میں دھلا ہو) ملا کر کھرل کر کے مرہم بنا لیں۔

ترکیب استعمال۔ اس مرہم کو صبح و شام بعد از قضائے حاجت مسوں پر لگایا کریں۔

فوائد۔ اس انمول مرہم سے بلا تکلیف کے مسے کم ہوتے ہوئے رفع دفع ہو جاتے ہیں۔

نوٹ۔ مکھن دستیاب نہ ہونے پر سرسوں کا تیل بھی ملایا جا سکتا ہے۔

گردہ اور مثانہ کی بیماریاں

ذیل میں وہ بیماریاں بیان کی جاتی ہیں جن کا ظہور پیشاب کے ادرار میں ہوتا ہے۔

سوزاک

یہ نہایت ہی نا پاک اور تکلیف دہ بیماری ہے، جس کی پوری تفصیل مع خاص الخاص نسخہ جات کنز المجربات میں بیان کی گئی ہے۔ یہاں پر برگد کے ذریعہ علاج لکھا جاتا ہے۔

نسخہ نمبر 44۔ ھوالشافی۔ برگد کے نرم، نرم پتے دو تولہ کو کچل کر رات کو آدھ سیر پانی ملا کر رکھ چھوڑیں اور صبح چھان کر اس میں قدرے مصری ملا کر پکائیں۔ اسی طرح صبح کو بھگو کر شام کے وقت پلایا کریں۔ ان شاء اللہ نیا سوزاک جلد رفع ہو جائے گا۔ خصوصاً جبکہ پیشاب میں جلن بہت ہو۔ اس کے لیے تو بہت ہی مفید ہے۔

نسخہ نمبر 45۔ ھوالشافی۔ برگد کی چھال ایک تولہ کو آدھ سیر پانی میں پیس کر اس میں مصری ملا کر پلا دیں۔ اس سے بھی سوزاک رفع دفع ہو جاتا ہے۔

نسخہ نمبر 46۔ ھوالشافی۔ اگر مریض کی جلن بند ہو کر پیپ بند نہ ہو تو پوست بیخ/ جڑ برگد کو سایہ میں خشک کر کے سفوف بنائیں اور اس میں سے تین، تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری یا سادہ پانی سے دیا کریں۔ ان شاء اللہ پیپ بند ہو کر کلی آرام ہو گا۔

نسخہ نمبر 47۔ ھوالشافی۔ برگد کی داڑھی کو آدھ کوٹا کر لیں اور اس کا خیساندہ بنا کر ایک ہفتہ پیئیں۔ خداوند کریم کے فضل سے پرانا سوزاک اور آلات بول کے زخم رفع ہو جائیں گے۔

پیشاب میں خون آنا

نسخہ نمبر 48۔ ھوالشافی۔ برگد کے وہ پتے جو تازہ ہوں مگر سرخ نہ ہوں۔ دو تولہ لے کر پاؤ بھر پانی میں گھوٹ لیں اور صبح و شام پلایا کریں۔ پیشاب میں خون آنا بند ہو جائے گا۔

پیشاب کی افراط

نسخہ نمبر 49۔ ھوالشافی۔ تخم برگد جو اس پھل کے اندر مانند خشخاش ہوتے ہیں لے کر باریک پیس رکھیں اور صبح و شام چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ/گائے کے دودھ) سے دیا کریں۔

فوائد۔ ان شاء اللہ تعالی سلسل بول، کثرت بول، بلکہ ذیابیطس تک کو مفید ہے۔

امراض اعضائے بول کی اکسیر صفت گولیاں

نسخہ نمبر 50۔ ھوالشافی۔ ست برگد کی گولیاں از نسخہ نمبر 2 اگر تیار ہوں تو منجملہ صد ہا خدا داد فوائد کے وہ سوزاک، سلسل البول، بول الدم وغیرہ کے تمام امراض میں مفید ہیں۔

ترکیب استعمال۔ سوزاک، اور بول الدم میں ہمراہ شربت بزوری یا ٹھنڈے پانی سے اور کثرت بول اور سلسل بول میں آدھ پاؤ گرم دودھ کے ساتھ دیا کریں۔

ادرار پیشاب

نسخہ نمبر 51۔ ھوالشافی۔ نمک برگد از نسخہ نمبر 13 چار چاول، چینی تین ماشہ میں آمیز کر کے استعمال کریں۔ بند شدہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

ذیابیطس

ذیابیطس آج کل عام مرض ہو گیا ہے۔ اس کی تفصیل کے لیے کنز المجربات جلد سوم ملاحظہ فرمائیں۔ یہاں ایک نسخہ درج کیا جاتا ہے۔

نسخہ نمبر 52۔ ھوالشافی۔ برگد کی جڑ کا چھلکا ایک تولہ حسب ضرورت پانی میں جوش دیں اور مریض کو پلا دیں۔ مسلسل استعمال سے شکر آنا بند ہو جاتی ہے۔

جلد کی بیماریاں

جلد کی بیماریاں تو بے شمار ہیں لیکن یہاں صرف ان ہی امراض کا تذکرہ کیا جائے گا جو بدن کے ظاہری حصہ سے تعلق رکھتی ہیں اور جن کے لیے کسی نہ کسی شکل میں مفید ہے۔

بوائی پھٹنا/پاؤں کی ایڑیاں پھٹنا

نسخہ نمبر 53۔ ھوالشافی۔ بوائی پھٹنا/ پاؤں کی پھٹی ایڑیوں میں برگد کا دودھ بھر دینے سے بوائی دور ہو کر صحت ہو جاتی ہے۔

گنٹھیا

نسخہ نمبر 54۔ ھوالشافی۔ گنٹھیا کے ورم پر برگد کا دودھ لگا دیں۔ ان شاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

چوٹ

نسخہ نمبر 55۔ ھوالشافی۔ چوٹ کی جگہ پہ برگد کا دودھ لگا دیں۔ ان شاء اللہ شدہ درد دور ہو جائے گا۔

پھوڑا

نسخہ نمبر 56۔ ھوالشافی۔ برگد کا نمک از نسخہ نمبر 13 نکال کر گائے کے گھی میں ملا کر پھوڑے کے اوپر لگا دیں تو وہ فورا پھٹ جائے گا۔

ورم

نسخہ نمبر 57۔ ھوالشافی۔ برگد کا دودھ ورم پر لگانے سے ورم اتر جاتا ہے اور آرام ہو جاتا ہے۔

بدھ/پھوڑا

نسخہ نمبر 58۔ ھوالشافی۔ برگد کے پتے میٹھے تیل سے چیڑ کر گرم کر کے باندھ لیں۔ بدھ/پھوڑا تحلیل ہو جائے گا یا پھوٹ جائے گا۔

زخم

نسخہ نمبر 59۔ ھوالشافی۔ تازہ زخم کے منہ کو بند کر کے اوپر برگد کے پتے گرم کر کے باندھ دیں۔ اور تین دن تک نہ کھولیں تو ایسا زخم جو ٹانکے کے لائق ہو، بند

ہو جاتا ہے۔

نسخہ نمبر 60۔ ھوالشافی۔ پوست برگد حسب ضرورت لے کر جلا لیں اور ان زخموں پر لگائیں جن سے پانی تا حال جاری ہو۔ ان شاء اللہ چند بار کے استعمال سے زخم بالکل مندمل ہو جائے گا اور پہلی دفعہ لگاتے ہی پانی خشک ہو جائے گا۔

ناسور

نسخہ نمبر 61۔ ھوالشافی۔ سانپ کی کنچلی کی خاکستر شیر/دودھ برگد میں ملا کر ناسور میں بتی کے ذریعہ رکھا کریں۔ نیز اوپر لگاتے رہیں۔ اس سے بفضل تعالی ناسور بھر کر رفع دفع ہو جائے گا۔

نسخہ نمبر 62۔ ھوالشافی۔ شیر/دودھ برگد اور شیر/دودھ مدار/آک ہم وزن روزانہ ملا کر بطریق سابق ناسور میں رکھا کریں۔ سات روز میں ناسور دور ہو جاتا ہے مگر یہ احتیاط سے برتنے والا ہے۔

نسخہ نمبر 63۔ ھوالشافی۔ برگد کی کونپلیں اور نرم، نرم پتے پانی میں کچل کر چھان لیں اور اس پانی کے برابر روغن کنجد/تل/سم سم/میٹھا تیل ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب تمام پانی جل کر تیل باقی رہ جائے تو چھان کر رکھ لیں اور دن میں دو یا تین بار ناسور پر لگایا کریں۔ ان شاء اللہ آرام ہو گا۔

آتشک

برگد جہاں اور بہت سی بیماریوں میں اکسیر ہے ۔ وہاں آتشک اور جذام جیسے گھناؤنی امراض کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔

نسخہ نمبر 64۔ ھوالشافی۔ برگد کی داڑھی حسب ضرورت پیس کر رکھ لیں اور اس میں سے ایک تولہ سفوف لے کر مرچ سیاہ پانچ عدد میں ڈال کر رگڑ لیں اور مریض کو دن میں دو مرتبہ گھی کے ساتھ کھلائیں۔ ان شاء اللہ ایک ماہ کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ ہو گا۔

کچھرالی/بغل کے نیچے گلٹی اور پھر پھوڑے

نسخہ نمبر 65۔ ھوالشافی۔ اگر کچھرالی (بغل کی نیچے گلٹیاں جو پھوڑوں کی شکل اختیار کر لیتی ہیں) یا بدھ کی ابتدائی حالت میں شیر/دودھ برگد سے روئی کو ترک کر کے اوپر رکھ دیں تو ورم بڑھنے نہیں پائے گا۔ اگر انتہائی حالت میں لگائیں تو پھوٹ کر زخم بھر جائے گا۔ مجرب ہے۔

بخار

جب کبھی دل کی حرارت کسی سبب سے بڑھ جاتی ہے تو اس کا اثر تمام بدن کے اندر پھیلی ہوئی رگوں (شریانوں) کے ذریعے تمام اعضائے بدن کے اندر پہنچتا ہے۔ نتیجتاً سب اعضاء گرم ہو کر اپنے کاموں سے غافل ہو جاتے ہیں۔ اسی کا نام بخار ہے۔

ذیل میں بخار کی چند ایک قسمیں اور ان کا علاج درج کیا جا رہا ہے۔

تپ دق

ریش/داڑھی برگد کو جو کوب (آدھا کوٹ) کر کے سایہ میں خشک کر لیں اور پھر اس کا باریک سفوف بنا لیں۔ تپ دق اور پرانے دموی بخاروں میں مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرائیں۔

نسخہ نمبر 66۔ ھوالشافی۔ سفوف ریش برگد چار تولہ، ست گلو، الائچی خورد، طباشیر ہر ایک، ایک تولہ، کافور ریاحی ایک ماشہ، مصری ڈیڑھ چھٹانک۔

ترکیب تیاری۔ سب اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال۔ تین، تین ماشہ صبح اور شام ہمراہ شربت اعجاز یا پانی دیں۔

موسمی بخار

نسخہ نمبر 67۔ ھوالشافی۔ برگد کا چھلکا سایہ میں خشک کر کے رکھیں اور اس میں سے ایک تولہ لے کہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تین حصہ پانی جل کر ایک حصہ باقی رہ جائے تو اس میں ایک ماشہ نمک خوردنی ملا کر پلائیں اور اسی طرح دن میں تین بار گرم گرم بطور چائے پلایا کریں۔ ان شاء اللہ موسمی بخار دور ہو جائے گا۔

صفراوی بخار

نسخہ نمبر 68۔ ھوالشافی۔ اگر گرمی کی وجہ سے بخار ہو۔ پیاس بہت ستاتی ہو تو ریش/دودھ برگد کی چائے بنا کر اور اس میں کھانڈ یا مصری ملا کر پلایا کریں۔ نہایت مفید ہے۔

شدت پیاس

نسخہ نمبر 69۔ ھوالشافی۔ درخت برگد کے پھل، لودھ پٹھانی، انار دانہ، ملٹھی، کوزہ مصری۔

ترکیب تیاری۔ تمام اشیا ہم وزن لے کر باریک پیس لیں اور اس میں قدرے شہد ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال۔ دن میں تین، چار مرتبہ مریض کو ایک ایک گولی چوسا دیں۔ پیاس کی شدت دور ہو جائے گی۔

مردوں کی خاص بیماریاں

مردانہ امراض جن جن بیماریوں کو کہا جاتا ہے۔ ان سب کے لیے برگد ایک مفید ٹانک ہے۔ مثلاً جریان، احتلام، سرعت انزال، ضعف باہ، نامردی۔ ان سب کو دور کرنے کے لیے برگد ایک بیش بہا چیز ہے۔ مگر ہم لوگوں کو اس کی قدر نہیں ہے۔ ذیل میں ان امراض کو دور کرنے کے لیے خاص الخاص نسخہ جات پیش کیے جاتے ہیں۔ یہ مت خیال کریں کہ محض خواص برگد کی اورق پوری کی جا رہی ہے بلکہ دراصل لا جواب نسخہ جات ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی ہمیں دور بین نگاہ دے جس سے ہم اپنی خدا داد نعمتوں کو معمولی چیزوں میں دیکھ کر فیضیاب ہونے لگیں۔ آمین۔

جریان

جریان ایک مشکل سے جانے والی بیماری ہے۔ مگر خدا کی دی ہوئی صفات کی وجہ سے برگد اس مرض کا اعلی تریاق ہے۔ کیا مجال ہے کہ اس کا استعمال کیا جائے اور شفا نہ ہو۔

حبوب اکسیر جریان

نسخہ نمبر 70۔ ھوالشافی۔ یہ دوا ذرا محنت سے بنتی ہے۔ مگر جریان کے لیے اکسیر صفت اور ہماری مجرب ہے۔ برگد کے زرد شدہ پتے تقریباً بیس تیس سیر جمع کر لیں اور پانی کے بھرے ہوئے گھڑوں میں ٹھونس کر آٹھ پہر تک رکھیں اور پھر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب پتے گل جائیں تو آگ موقوف کر کے سرد کریں اور ہاتھ سے بہت اچھی طرح ملا کر چھان لیں اور پانی کو دوبارہ پکائیں۔ یہاں تک کہ تمام پانی جل کر افیون کی طرح غلیظ قوام سا بن جائے۔ اس میں اگر تیار ہو تو تقریباً آٹھواں حصہ کشتہ قلعی ملا لیں ورنہ خیر۔ طباشیر ایک تولہ، بھو پھلی تین تولہ ملا کر گولیاں بقدر رتی رتی بنا لیں۔

ترکیب استعمال۔ پہلے روز ایک گولی اور پھر کچھ دنوں کے بعد دو گولیاں آخر تین گولیوں تک پہنچا دیں۔ سرخ مرچ، تیز اور گرم دوائیوں سے پرہیز رکھنا ضروری ہے۔

فوائد۔ اکیس دن کے استعمال سے جریان جڑ و بنیاد سے اکھڑ جاتا ہے۔

حبوب اکسیر جریان نمبر 2

نسخہ نمبر 71۔ ھوالشافی۔ برگد کے تازہ اور نرم پتے آدھ سیر، بھو پھلی بوٹی پاؤ بھر خوب باریک پیس کر سردائی کے طور پر گھوٹیں اور کپڑے میں سے چھان کر قلعی دار دیگچی میں ڈال کر پکائیں۔ جب قوام غلیظ ہو جائے تو آگ بند کر کے اس میں قدرے طباشیر یا مغز تخم املی کا سفوف ملا دیں تا کہ گولیاں آسانی سے باندھی جا سکیں پھر گولیاں بقدر رتی رتی بنا لیں۔

خوراک۔ ایک گولی سے بڑھا کر دو گولی تک لے جائیں اور اوپر سے قدرے گائے کا تازہ دودھ پی لیا کریں۔

فوائد۔ دافع جریان، مغلظ منی، دافع سرعت انزال، ممسک طبعی ہے۔

کھویا دافع جریان

نسخہ نمبر 72۔ ھوالشافی۔ شیر/دودھ برگد، شیر/دودھ پیپل، شیر/دودھ گولر۔ ہر ایک پانچ تولہ لے کر بھینس کے پانچ سیر دودھ میں ملا کر دیگچی میں ڈال کر سر پوش دے کر بند کر دیں اور ان کے لبوں کو آٹے سے بند کر دیں اور نیچے آگ جلائیں۔ پندرہ منٹ تک بلا بھاپ نکلے پکائیں اور پھر سر پوش کو اتار کر بدستور معروف کھویا بنا کر اس میں کھانڈ شامل کر کے پیڑے بنا لیں اور تمام اکیس خوراکیں بنا لیں۔ صبح کے وقت کھلایا کریں۔ دافع جریان اور مسک طبعی بدرجہ کمال ہے۔

حب جریان

جریان کی نہایت آسان اور سستی دوا۔

نسخہ نمبر 73۔ ھوالشافی۔ مغز تخم سرس، تخم املی۔

ترکیب تیاری۔ ہر دو کو باریک پیس کر برگد کے دودھ میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک۔ ایک ایک گولی صبح اور شام ہمراہ شیر/دودھ گاؤ۔

فوائد۔ احتلام، جریان، سرعت انزال کی دافع گولیاں ہیں۔ نیز قدرتی امساک بھی پیدا کرتی ہیں۔

دافع جریان سفوف

خطرناک مرض جریان کے لیے سہل ترین اور مفید ترین نسخہ۔

نسخہ نمبر 74۔ ھوالشافی۔ ریش برگد ایک پاؤ، پھلی کیکر آدھا پاؤ، **مجیٹھ** پانچ تولہ، طباشیر دو تولہ، کھانڈ دیسی ڈیڑھ پاؤ۔

ترکیب تیاری۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال۔ بوقت صبح دودھ کے ہمراہ ایک تولہ استعمال کریں۔

کایا پلٹ چورن

نسخہ نمبر 75۔ ھوالشافی۔ برگد کے تازہ اور نرم چھلکے کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں اور اس سے نصف وزن کھانڈ ملا لیں۔

ترکیب استعمال۔ چھ چھ ماشہ صبح و شام گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔

اس سے منی پیدا ہوتی ہے۔ نیز اس کا استعمال سرعت انزال، جریان اور یرقان کو جڑ سے اکھیڑ تا ہے۔ قوت مردمی اور قوت ہاضمہ کو ترقی دیتا ہے۔

سنیاسی نسخہ دافع جریان و سرعت انزال و از حد مقوی باہ

یہ ایک خاص الخاص نسخہ ہے جس کو استعمال کرنے سے تقریباً منی کی بہت سی امراض سے شفا ہو جاتی ہے اور منی قابل اولاد پیدا ہو تی ہے۔

نسخہ نمبر 76۔ ھوالشافی۔ بھینس کا تازہ دودھ آدھ سیر لے کر اس میں پندرہ قطرے شیر/دودھ برگد اور چار تولہ شہد ملا لیں اور اس کو پانچ سات مرتبہ دو برتنوں میں لوٹ پوٹ کر کے مریض کو پلائیں۔ یقیناً فائدہ ہو گا۔

دافع جریان فقیرانہ ٹوٹکہ

نسخہ نمبر 77۔ ھوالشافی۔ پہلے روز بتاشہ پر برگد کے دودھ کا ایک قطرہ اور دوسرے روز دو بتاشوں پر دو قطرے اس طرح روزانہ بڑھاتے بڑھاتے اکیس تک پہنچ کر پھر کم کرنے لگیں اور ایک بتاشہ ایک قطرے پر لا کر چھوڑ دیں۔ جریان کی انتہائی موئثر دوا ہے۔ سرعت انزال دور ہو کر امساک قدرتی طور پہ بڑھ جاتا ہے۔

جریان کا علاج

نسخہ نمبر 78۔ ھوالشافی۔ برگد کے سبز پتے پانچ تولہ، پانی تین سیر میں پکائیں۔ ایک پاؤ رہ جائے تو اتار کر چھان لیں اور تین تولہ شہد ملا کر پی لیا کریں۔ جریان جڑ سے اکھڑ جائے گی۔

نسخہ نمبر 79۔ ھوالشافی۔ بڑ کا پختہ پھل جو زمین پر نہ گرا ہو سایہ میں خشک کر کے باریک کر لیں۔ ہم وزن کھانڈ ملا کر ایک تولہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

گلقند برگد

جریان، احتلام، سرعت انزال اور رقت کو دور کر کے مادہ تولید کی اصلاح کرتا ہے اور اسے قابل اولاد بناتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔

نسخہ نمبر 80۔ ھوالشافی۔ گل/پھول برگد یعنی برگد کی چھوٹی چھوٹی سرخ رنگ کی شگفتہ پتیاں لے کر دگنی کھانڈ ملا کر گلقند تیار کریں۔

ترکیب استعمال۔ چھ ماشہ ہمراہ دودھ صبح و شام لیں۔

فوائد۔ قدرتی امساک پیدا کرتا ہے۔

رسائن بدن گولیاں

نسخہ نمبر 81۔ ھوالشافی۔ ریش/داڑھی برگد برنگ سرخ تازہ ایک تولہ لے کر چونا ایک رتی ملا کر سردائی کے طور پر گھوٹ کر رس نکال لیں اور کپڑے میں سے چھان کر اور پانی ڈال کر آگ پر پکائیں۔ اس میں قدرے دودھ کی لسی کا چھینٹا دے کر میل کاٹ لیں اور پھر صاف ہونے پر چینی کے برتن میں ڈال کر پانی والے برتن کے منہ پر رکھ کر آگ پر رکھیں۔ تا کہ اس کو محض پانی کی بھاپ سے حرارت پہنچے۔ جب افیون کی طرح ہو جائے تو رتی رتی کی گولیاں بنا کر رکھیں۔ رسائن بدن لا جواب تیار ہے۔

ترکیب استعمال۔ ان میں سے دو گولی بوقت صبح بھینس کے تازہ دودھ سے دیں۔

فوائد۔ یہ دوا انگریزی کی مشہور عالم دوا ڈامیانہ کی طرح ہے بلکہ اس سے زیادہ مفرح اور محرک ہے۔ علاوہ ازیں مغلظ منی و دافع جریان ہے۔

جریان اور ضعف باہ کا آسان نسخہ

نسخہ نمبر 82۔ ھوالشافی۔ شکر سرخ حسب ضرورت لے کر اس کو شیر/دودھ برگد سے تر کریں اور رکھ چھوڑیں۔ خوراک تین ماشہ سے چھ ماشہ تک ہے۔ دافع جریان، ممسک طبعی اور مقوی باہ ہے۔

احتلام

نسخہ نمبر 83۔ ھوالشافی۔ سفوف ریش برگد صبح و شام چار چار ماشہ پانی سے کھلائیں۔ احتلام کا مرض ختم ہو جائے گا۔

سرعت انزال

اگرچہ مرقوم بالا تمام نسخے ہی بجائے خود تمام کے تمام دافع سرعت ہیں مگر ذیل کا نسخہ نہایت آسان ہے۔

نسخہ نمبر 84۔ ھوالشافی۔ برگد کا تازہ چھلکا لے کر سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا لیں اور اس میں چار چار ماشہ صبح و شام گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔ جن شخصوں کا امساک بالکل نہ رہا ہو، ان کو قدرتی امساک پیدا ہو گا۔

معجون مقوی باہ غضب کا نسخہ

اس نسخے کے خفیہ صفات کو وہی حضرات معلوم کریں گے جو ایک بار بنائیں گے۔

نسخہ نمبر 85۔ ھوالشافی۔ تالمکھانہ، تخم اٹنگن ہر ایک 20 تولہ کوٹ کر مغز ناریل میں داخل کریں اور اس کو شیر/دودھ برگد سے تر کر کے نکالا ہوا ٹکڑا رکھ کر بند کر دیں۔ پھر اس پر مونج کا بان اس قدر لپیٹیں کہ ناریل نظر نہ آئے۔ پھر اس کو پورے بیس دن گیہوں کے اندر دفن کر دیں۔ پھر نکال کر بان کو جدا کر کے اس پر آدھ پاؤ گندم کا گندھا ہوا آٹا لے کر چاروں طرف لیپ کر دیں تا کہ نارجیل مذکور ملفوف ہو جائے۔ بعد ازاں گائے کے آدھا سیر گھی میں بریاں کر لیں۔ جب معلوم ہو کہ آٹا سرخ ہو گیا ہے اور جلنے کے قریب پہنچ گیا ہے تو نکال کر آٹے کو دور کر کے نارجیل مع دوا کے پیس کر اتنا شہد ملا دیں جس سے اس کا گولہ سا بندھ سکے۔ پس تمام کے چالیس حصے کر لیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک حصہ بوقت عصر بکری کے ڈیڑھ پاؤ دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد۔ پانچویں روز کے بعد بدن پر چیونٹیاں سی چلتی ہوئی معلوم ہوں گی۔ بعد از ہفتہ قوت باہ غالب ہو گی اور کامل چالیس روز کے بعد طاقت ایسی زور کرے گی جو ناقابل صبر ہو گی۔ امساک بدرجہ کمال ہو جائے گا۔

پرہیز۔ اس عرصے میں ترشی اور جماع سے پرہیز لازم ہے۔

حبوب امساک بے عدیل

نسخہ نمبر 86۔ ھوالشافی۔ ایک چھوہارا لے کر اس میں سے گھٹلی دور کر کے افیون تین رتی داخل کریں اور پھر شیر/دودھ برگد سے تر کر کے اس پر سوت کا دھاگا اتنا لپیٹیں کہ چھوہارا اچھی طرح چھپ جائے۔ پھر گیہوں کے گندھے ہوئے آدھ پاؤ آٹے میں ملفوف کر کے آگ میں رکھ دیں اور آٹے کے سرخ سیاہی مائل ہونے پر اتار کر نکال لیں اور پیس کر نخودی گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال۔ دو گھنٹہ پیشتر ایک گولی سے دو گولی ہمراہ شیر/دودھ گاؤ کھائیں۔

فوائد۔ امساک کی آسان اور بے عدیل و مجرب دوا ہے۔ مگر اس کی مداومت بڑی ہے۔

نفیس سردائی

جس کے استعمال سے ہر قسم کے روانی خون، جریان، احتلام، سرعت انزال اور رقت دور ہو گی۔ ضعف قلب، حرارت قلب، حرارت جگر دور ہو گا۔ طبیعت ہشاش بشاش رہے گی۔

نسخہ نمبر 87۔ ھوالشافی۔ نرم و نازک تازہ ریش برگد ایک تولہ۔ مغز بادام سات عدد گھوٹ کر مصری ملا کر ہر روز بوقت صبح نوش کریں۔

مفید چائے

نسخہ نمبر 88۔ ھوالشافی۔ برگد کے ہر جزو کو جوش دینے سے چائے جیسا رنگ پیدا ہوتا ہے۔ جس میں دودھ ملانے سے کسی قسم کا فرق نہیں پڑتا۔ یہ چائے اعلی درجہ کی ممسک، مقوی، دافع جریان و دافع سرعت انزال ہے۔

حبوب نوابی

برگد صرف اپنے قد و قامت کے لحاظ سے ہی نہیں۔ فوائد کے لحاظ سے بھی بزرگ کہلانے کا حق دار ہے اور لطف یہ کہ ہر گاؤں اور ہر قصبہ میں موجود ہوتا ہے۔ بڑے بڑے قیمتی اور طویل اور محنت طلب نسخہ جات اس کے سامنے ہیچ ہیں۔

نسخہ نمبر 89۔ ھوالشافی۔ برگد کا دودھ تین چھٹانک، پھٹکڑی/شب یمانی سفید ایک چھٹانک۔

پھٹکڑی/شب یمانی کو باریک پیس کر چینی کی رکابی میں ڈال کر پندرہ تولہ دودھ برگد شامل کر کے سایہ میں رکھ دیں۔ ہفتہ کے اندر ہی جب دودھ خشک ہونے لگے تو خوب کھل کریں اور گولیاں بقدر نخود بنا کر حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ جماع سے ایک دو گھنٹے پہلے ایک گولی ہمراہ دودھ کھائیں۔

فوائد۔ بے حد امساک پیدا ہو گا۔

کایا پلٹ نسخہ

اپنے ہاتھوں اپنا ستیاناس کر کے اور اپنی زندگی برباد کر کے بھری جوانی میں بوڑھوں سے بدتر ہو جانے والے نوجوان جو مایوس اور نا امیدی کے سمندر میں غرق ہو کر بڑے دکھ سے زندگی گزار رہے ہیں یا وہ بوڑھے جو دوبارہ زندگی اور طاقت کی ضرورت محسوس کرتے ہوں۔ وہ طاقت کی تلاش میں اِدھر اُدھر ہاتھ پاؤں نہ ماریں۔ مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کریں۔

نسخہ نمبر 90۔ ھوالشافی۔ برگد کی کونپلیں اگر تر ہوں تو دو تولہ یا خشک ہوں تو ایک تولہ لے کر سیر بھر پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب آدھ سیر پانی رہ جائے، تب حسب ضرورت کھانڈ ملا کر صبح اور اسی طرح شام کے وقت استعمال کریں۔ اگر لگاتار استعمال کیا جائے اور منی کو ضائع نہ ہونے دیا جائے تو دو ماہ میں عیب

تبدیلی محسوس ہو گی۔ سردیوں میں اس میں دودھ، گھی حسب طاقت و ہاضمہ ملا کر پیا جا سکتا ہے۔ کمزوری اور نامردی کے مریضوں کے لیے ایک تحفہ ہے۔

نسخہ نمبر 91۔ ھوالشافی۔ تخم برگد سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا کر چھ ماشہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

امساک پیدا کرنے اور سرعت انزال کو دور کر نے کے لیے مندرجہ ذیل طریقہ سے گولیاں بنائیں۔

نسخہ نمبر 92۔ ھوالشافی۔ برگد کے پتے سیر بھر لے کر پانی میں بھگو دیں اور 24 گھنٹے بعد جوش دیں اور مل کر چھان لیں۔ صاف شدہ پانی کو پھر آگ پر پکائیں جب گاڑھا ہو جائے تو اس میں بیر بہوٹی خشک دو ماشہ، کیچوے خشک دو ماشہ، افیون ڈیڑھ ماشہ اور زعفران ایک ماشہ ڈال کر کھرل کریں اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر کام میں لائیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک گولی ہمراہ دودھ مباشرت سے ایک گھنٹہ پہلے۔

نسخہ نمبر 93۔ ھوالشافی۔ ضعف باہ، رقت منی اور سوزاک کو دور کرنے کے لیے برگد کے پتے حسب ضرورت لے کر انہیں پانی میں جوش دیں اور بطریق معروف ان کا رُب بنا کر چینی آمیز کر کے دن میں تین بار تھوڑا تھوڑا چاٹیں۔ ایک ہفتہ بعد ہی فوائد ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔

رقت منی

نسخہ نمبر 94۔ ھوالشافی۔ اگر منی پتلی ہو تو وہ اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں ہوتی۔ اس لیے منی کو گاڑھا کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے برگد کی کونپلوں اور گولر کی چھال کو ہم وزن ملا کر سفوف بنا لیں اور دونوں کی مجموعی مقدار کے برابر چینی آمیز کریں۔ رات سوتے وقت چار ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

نسخہ نمبر 95۔ ھوالشافی۔ برگد کا پھل سایہ میں خشک کر کے ڈیڑھ تولہ کی مقدار میں لے کر نیم گرم دودھ کے ہمراہ کھالیں۔ اس سے منی گاڑھی ہو کر ضعف باہ دور ہو جاتا ہے۔

نہایت ہی لاجواب و بے عدیل تحفہ

حبوب ممسک جو کہ افیون اور تمام منشی اشیاء سے بڑا ہے۔

نسخہ نمبر 96۔ ھوالشافی۔ موچرس پانچ تولہ لے کر چینی کے پیالی میں رکھیں اور اس پر شیر/دودھ برگد اتنا داخل کریں کہ ایک انگلی تک اوپر آ جائے۔ پھر اس کو حفاظت سے رکھ دیں۔ نیز چاہیے کہ پیالہ مذکورہ کو کسی ململ وغیرہ کے کپڑے سے ڈھانپ دیں تا کہ گرد و غبار سے محفوظ رہے۔ پھر جب شیر/دودھ برگد خشک ہو جائے تو اور داخل کر دیں۔ اس طرح کم از کم سات مرتبہ تر و خشک کریں اور پھر اس کو شیر/دودھ برگد کے ذریعے ہی تین دن تک کھرل کریں۔ جب گولیاں باندھنے کے لائق ہو جائے تو حبوب بقدر رتی رتی بنا لیں اور خشک ہونے کے بعد شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ وقت خاص سے تین گھنٹے پہلے ایک گولی سے دو گولی تک دودھ کے ہمراہ استعمال کریں مگر شام کے وقت میں نمکین اشیا سے پرہیز کریں۔

فوائد۔ از حد ممسک ہے۔ پہلی خوراک ہی اپنی جادو اثری کا کام کرتی ہے۔ دنیا افیون کے بغیر ممسک نسخے کی تلاش میں سر گرداں ہے۔ یہ وہی نسخہ ہے کیونکہ منشی اشیاء بعد میں کمزور کر دیتی ہیں مگر اس سے طاقت بڑھتی ہے اور قدرتی امساک پیدا ہو جاتا ہے۔

عورتوں اور بچوں کی بیماریاں

عورتوں کی بے شمار بیماریوں میں سے جن جن مرضوں میں برگد مفید ثابت ہوتا ہے وہ یہ ہیں۔

حیض کی زیادتی

نسخہ نمبر 97۔ ھوالشافی۔ برگد کے نرم پتے دو تولہ پاؤ بھر پانی میں گھوٹ چھان کر صبح و شام پلائیں۔ ان شاء اللہ دو تین خوراک میں آرام ہو گا۔

سیلان الرحم

نسخہ نمبر 98۔ ھوالشافی۔ برگد کا تازہ سبز چھلکا اتار کر سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس میں سے چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔ ان شاء اللہ آرام ہو گا۔

نسخہ نمبر 99۔ ھوالشافی۔ برگد کے پتوں کا ست ایک ایک ماشہ کھلانے سے چند یوم میں سیلان الرحم سے اور بلا ناغہ کچھ عرصہ استعمال کرنے سے اس سے پیدا شدہ تکالیف اور کمزوری وغیرہ سب دور ہو جاتی ہیں۔

ورم رحم

رحم میں ورم ہو جانے سے عورتوں کو بہت دکھ اٹھانا پڑتا ہے۔ ورم رحم کے لیے مندرجہ ذیل نسخہ نہایت مفید ہے۔

نسخہ نمبر 100۔ ھوالشافی۔ برگد کا تازہ چھلکا سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس سے نصف دیسی کھانڈ ملا کر رکھیں اور ہر روز صبح و شام چھ چھ ہمراہ گرم دودھ دیں۔ یہ ورم رحم کی شرطیہ دوا ہے۔

کمر درد

کمر درد عورتوں کو اکثر ہوا کرتا ہے۔ اس کو دور کرنے کے لیے مندرجہ ذیل نسخہ بہت مفید ہے۔

نسخہ نمبر 101۔ ھوالشافی۔ برگد کی ناشگفتہ کلیاں دس عدد چوری میں ملا کر کھلایا کریں۔ اس سے کمر درد کا عارضہ بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ نمبر 102۔ ھوالشافی۔ کمر پر شیر/دودھ برگد کا لیپ کرنے یا برگد کا دودھ بتاشہ میں رکھ کر کھلانے سے بھی درد کمر رفع ہو جاتا ہے۔

پستانوں کا ڈھیلا پن

خواتین کے پستان ان کی خوبصورتی کا مظہر ہیں۔ پستانوں کو سخت کرنے کے لیے عورتیں طرح طرح کے جتن کرتی ہیں۔ مصنوعی باڈی استعمال کرتی ہیں۔ ان کے لیے ایک نہایت سہل ٹوٹکہ درج ہے۔

نسخہ نمبر 103۔ ھوالشافی۔ ریش برگد کے باریک ریشے جن کے سرے سرخی مائل ہوں پیچ لیں اور پستانوں پر رات سوتے وقت لیپ کر لیا کریں۔ چند بار کے استعمال سے پستان سخت ہو جائیں گے۔

حمل ٹھہرانے کا نسخہ

صرف ایک ہی بار کے استعمال سے حمل قرار پا جائے گا اور حمل بھی ان شاء اللہ اولاد نرینہ ہو گا۔

نسخہ نمبر 104۔ ھوالشافی۔ حیض کے بعد عورت نہا دھو کر چار بجے شام سفوف ریش برگد ایک تولہ، شیر/دودھ برگد چھ ماشہ ملا کر ہمراہ دودھ استعمال کرے اور رات کو ہم بستر ہو۔ حمل نرینہ قرار پائے گا۔ اگر خدا نخواستہ پہلے ماہ کامیابی نہ ہو تو دوسرے ماہ استعمال کریں۔

بانجھ کے اولاد

نسخہ نمبر 105۔ ھوالشافی۔ برگد کی داڑھی کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر کپڑ چھان کریں۔ چار چار ماشہ صبح و شام گرم دودھ کے ساتھ بانجھ عورت کو حیض سے فارغ ہونے کے بعد سات دن کھلائیں۔ ان شاء اللہ ضرور مراد پوری ہو گی۔

بچوں کے دست

اگر بچوں کو ہرے پیلے دست آ رہے ہوں تو اس کے لیے مندرجہ ذیل نسخے استعمال کریں۔

نسخہ نمبر 106۔ ھوالشافی۔ ایک قطرہ برگد کا دودھ ایک تولہ چینی میں ڈال کر بچے کو دن میں دو مرتبہ استعمال کرائیں۔ ان شاء اللہ پہلے ہی دن فائدہ ہو گا ورنہ دوسرے دن پھر دیں۔ اگر آؤں آئے ساتھ آ رہی ہو تو تین ماشہ شیر برگد بوقت صبح پلائیں۔

نسخہ نمبر 107۔ ھوالشافی۔ اگر بچہ برگد کا دودھ نہ پیئے تو بغیر پلائے بھی کام چل سکتا ہے۔ بچے کو لٹا کر اس کی ناف میں برگد کا دودھ بھر دیں اور اس کے ارد گرد مالش کر دیں۔ دست بند ہو جائیں گے۔

کشتہ جات

برگد سے کئی ایک کشتہ جات نہایت اعلی تیار ہوتے ہیں۔ ان سب کی ترکیب ذیل میں بیان کی جاتی ہے۔

کشتہ چاندی

نسخہ نمبر 108۔ ھوالشافی۔ برگد کی داڑھی جو کہ بالکل خشک نہ ہو بلکہ اندر سے گیلی ہو۔ پاؤ بھر لے کر خوب کوٹ لیں اور موٹا کپڑا بچھا کر ایک حصہ اوپر رکھیں اور ان کے اوپر سفوف سنا مکی 10 تولہ ڈال کر پھر چاندی کا دو آنی کے برابر باریک پترہ ایک تولہ رکھ کر اوپر 10 تولہ سنا مکی اور پھر آدھا پاؤ باقی ماندہ ریش برگد ڈال کر کپڑے کو ایسی ترکیب سے لپیٹیں کہ دوا ہلنے نہ پائے۔ پھر اس کو خوب اچھی طرح سے باندھیں اور حکمت کر کے خشک ہونے پر بیس سیر اُپلوں میں ہوا سے بچا کر گڑھے کے اندر آگ دیں۔ امید تو ہے کہ پہلی آگ میں ہی اعلی درجہ کا کشتہ تیار ہو گا ورنہ ایک دو آنچیں اور دے دیں اور باریک پیس کر رکھیں۔

شناخت۔ جب بے چمک ہو جائے اور ہاتھ میں نہ رڑکے تو تیار ہے۔

خوراک۔ ایک رتی مکھن میں۔

فوائد۔ دافع جریان و سرعت اور مقوی باہ ہے۔

دوسری ترکیب

نسخہ نمبر 109۔ ھوالشافی۔ برگد کے نرم و نازک پتے ایک پاؤ خوب کوٹ کر باریک کر کے نغدہ بنائیں اور اس کے درمیان ایک قرص نقرہ خالص جو روپیہ کے برابر چوڑا اور موٹا ہو رکھ دیں۔ پھر ایک تہ شدہ خشک کپڑے کی دے کر دوا پلوں کے درمیان جن کا وزن ایک ایک سیر ہو بند کر کے ہوا سے محفوظ مقام پر رکھیں اور ایک طرف سے آگ لگا دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ اسی طرح چند مرتبہ کر دینے سے نہایت عمدہ اور نفیس کشتہ تیار ہوتا ہے۔

ترکیب استعمال۔ چار چاول ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد۔ قوت باہ اور امساک کے لیے بے مثال ہے۔

تیسری ترکیب

نسخہ نمبر 110۔ ھوالشافی۔ کشتہ مرجان ایک تولہ، پھٹکڑی خام ایک تولہ، شیر/دودھ برگد 5 تولہ کھرل کریں۔ جب تمام دودھ جذب ہو جائے تو لوہے کے ہاون دستے میں ڈال کر یہاں تک کوٹیں کہ یک جان ہو کر مانند موم ہو جائے۔ بعد ازاں نخودی گولیاں بنا کر ورق نقرہ/چاندی چڑھا لیں۔

مقدار خوراک۔ ایک تا دو گولی۔

فوائد۔ مغلظ منی، دافع حرکت منی و حرکت البول، جریان منی، سیلان الرحم، سوزاک، احتلام، ذیابیطس کو مفید ہے۔

بقدر نصف گولی ہمراہ شربت دینے سے بچوں کے دست بند ہو جاتے ہیں۔ پیچش اور مروڑ کو بھی مفید ہے۔

(ماہنامہ الحکیم، لاہور)

کشتہ سیسہ، دافع بواسیر

نسخہ نمبر 111۔ ھوالشافی۔ سیسہ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور اس پر گندھک کی چٹکی دیتے جائیں اور برگد کی لکڑی سے حرکت دیتے جائیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔ مگر اس کو زود اثر بنانے کے لیے ایک دن خیساند کونپل برگد سے کھرل کر کے تین سیر اُپلوں کی آگ دیں۔

خوراک۔ دو رتی مکھن یا بالائی میں دیا کریں۔

فوائد۔ بواسیر خون کی نہایت اعلی دوا ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔

کشتہ سیسہ

نسخہ نمبر 112۔ ھوالشافی۔ سیسہ کو کڑاہی میں گلائیں اور بمقابلہ ایک تولہ سیسہ کے ساٹھ عدد برگد کے پتے لے کر ایک ایک پتہ ڈال دیں اور برگد کی داڑھی کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔آگ بھی برگد کی لکڑی کی جلانی ہے۔ جب تمام پتے جل کر سیسہ خاکستر ہو جائے تو اس کو ایک دن سالم کونپل برگد کے خیساندہ میں کھرل کر کے کوزے میں بند کر کے ہوا سے بچا کر تین چار سیر اُپلوں کی آگ دیں اور کپڑے میں سے چھان لیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک رتی مکھن یا بالائی وغیرہ میں دیں۔

فوائد۔ جریان، سوزاک، ضعف باہ کے لیے مفید ہے اور ممسک طبعی ہے۔

کشتہ سکہ

بواسیر خونی کا واحد علاج۔

نسخہ نمبر 113۔ ھوالشافی۔ سکہ حسب ضرورت لے کر کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں اور ریش برگد سے حرکت دیتے جائیں اور گندھک آملہ سار کی چٹکی دیتے رہیں۔ خاکستر ہونے پر اتار کر رکھ لیں۔

خوراک۔ دو رتی ہمراہ آب تازہ دیں۔

کشتہ شنگرف نمبر 1

نسخہ نمبر 114۔ ھوالشافی۔ شنگرف کی ڈلی ایک تولہ کو پانچ تولہ برگد کے دودھ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور پھر ایک اتنی بڑی ہنڈیا جس میں چار سیر ریت سما سکے لے کر اسے نصف تک ریت سے پُر کر دیں اور اس کے درمیان ذرا سا گڑھا کر کے کھدر کے موٹے کپڑے کی دو چار تہیں کر کے گڑھے میں رکھ دیں اور اس پر شیر برگد تازہ دس تولہ ڈال کر ٹکیہ مذکور رکھیں۔ اور کپڑے مذکور کی اوپر سے تہ کر دیں تاک ٹکیہ مذکور و شیر برگد ڈھک جائے۔ پھر بقیہ ہانڈی کو ریت سے پُر کر دیں اور ہانڈی کو چولہے پر رکھ کر نیچے بیری کی لکڑیوں کی پہلے ایک گھنٹہ تین لڑکیوں کی آگ دیں اور پھر دو لکڑیوں کی تقریباً چار پہر آگ دیں۔ جب معلوم ہو کہ اب ریت اوپر تک خوب گرم ہو گئی ہے تو اس پر گندم کے چند دانے ڈال کر دیکھیں۔ اگر وہ بریاں ہو جائیں یا اوپر تنکا لگانے سے جل جائے تو آگ بند کر دیں اور سرد ہونے دیں اور پھر احتیاط سے ہانڈی کو توڑ کر شنگرف کی ٹکیہ کو نہایت آہستگی سے نکال لیں تاکہ ٹوٹنے نہ پائے۔ دوسرے روز بجائے ہانڈی کے تانبے کے دیگچے میں بدستور سابق پھر ریت کے درمیان رکھ کر پھر چار پہر کی آگ دیں اور سرد ہونے پر شنگرف نکال لیں اور پیس کر رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ دو چاول سے چار چاول تک مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلائیں۔

فوائد۔ خون پیدا کرتا ہے اور حد درجہ مقوی باہ ہے۔

کشتہ شنگرف نہایت آسان

یہ نسخہ ایک سنیاسی صاحب سے مولانا حکیم ہدایت اللہ صاحب کو ملا تھا۔ آپ نے فوراً ہی جوں کا توں مجھے عنایت فرما دیا۔ قوی امید ہے کہ درست ہو گا۔ اگر فی الواقع درست ہوا تو اس کے لا جواب ہونے میں کیا کلام ہے۔ اکیلا ہی ہزار روپے کا ہے۔

نسخہ نمبر 115۔ ھوالشافی۔ شنگرف کی ڈلی دو تولہ کو مٹی کے کوزے میں ڈال کر اوپر چھ تولہ شیر/دودھ برگد ڈالیں اور کوزہ کو خوب گل حکمت کر کے خشک ہونے پر آدھا سیر کپڑا لپیٹ کر ہوا سے محفوظ جگہ آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید اور با وزن ہو گا۔

خوراک۔ چار چاول سے ایک رتی تک ہمراہ مسکہ/مکھن یا ملائی۔

فوائد۔ مقوی باہ، مولد خون، محمرلون اکسیری نسخہ ہے۔

کشتہ ہڑتال ورقی نمبر 1

نسخہ نمبر 116۔ ھوالشافی۔ ہڑتال ورقی کی ایک تولہ کی سالم ڈلی کو سات دن تک شیر مدار/آک کے دودھ میں تر رکھیں۔ ہر روز نیا دودھ بدلتے رہیں۔ پھر آدھ سیر برگد کے پھلوں کا نغدہ بنا کر ان کے درمیان ڈلی مذکور کو رکھ کر اس پر ایک سیر پرانے کپڑے لپیٹ کر کسی مناسب جگہ پر ہوا سے بچا کر ایک سرے پر انگاری لگا دیں۔ سفید با وزن شگفتہ کشتہ ہو جائے گا۔

خوراک۔ ایک رتی۔

فوائد۔ پرانے بخار اور ضعف باہ و ضعف جگر کے لیے اکسیر صفت چیز ہے۔

کشتہ ہڑتال ورقی نمبر 2

نسخہ نمبر 117۔ ھوالشافی۔ مائیں دس تولہ کو خوب باریک پیس کر شیر/دودھ برگد دس تولہ ملا کر نغدہ بنا دیں اور اس میں ہڑتال ورقی کی ایک ڈلی رکھ کر اوپر آدھ سیر پرانے کھدر کے کپڑے کی دھجیاں لپیٹ کر ہوا سے محفوظ جگہ رکھ کر اوپر انگاری رکھ دیں۔ شگفتہ کشتہ ہو گی۔

فوائد۔ قوت باہ و امساک و پرانے تپوں میں مفید ہے۔

نوٹ۔ شنگرف اور ہڑتال چونکہ دونوں ہی ذوی الازواح اشیاء میں سے ہیں۔ اس لیے ان کا کشتہ بنانا کوئی معمولی کام نہیں ہے۔ لہذا ان کو پوری پوری احتیاط سے بنا نا چاہیے اور اگر خدا نخواستہ ایک مرتبہ نہ بنے تو پھر بنائیں۔

کشتہ قلعی

نسخہ نمبر 118۔ ھوالشافی۔ قلعی مصفی کو کڑچھی میں گلائیں۔ برگد کی داڑھیوں کی نرم شاخیں شابہ خشک شدہ پیس کر اس میں تھوڑا تھوڑا ڈالتے رہیں اور ریش برگد کے ڈنڈے سے گھوٹتے رہیں تاکہ قلعی سوختہ ہو کر خاکستر بن جائے۔ اس خاکستر کو شیر/دودھ برگد سے سحق کر کے قرص بنائیں اور آگ دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ عمل کریں۔ عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔ پیس کر رکھ دیں۔

فوائد۔ سرعت انزال، جریان، سیلان رطوبت کے لیے اکسیر ہے۔

مقدار خوراک۔ ایک رتی مسکہ/مکھن یا بتاشہ میں ملا کر کھائیں۔ اگر اس ترکیب سے داخل کریں تو زیادہ مفید ہو گیا۔

نسخہ نمبر 119۔ ھوالشافی۔ کشتہ قلعی ایک تولہ، شگوفہ برگد ایک تولہ، مغز تخم تمر ہندی دو تولہ، سپستان دو تولہ، موصلی سفید دو تولہ، آرد/آٹا سنگھاڑا دو تولہ، ثعلب مصری سات ماشہ، بیخ بند سات ماشہ، کمر کس نو ماشہ، مصری برابر ادویہ سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک۔ تین ماشہ سے چھ ماشہ تک یومیہ ہمراہ شیر/دودھ گاؤ تازہ کھائیں تو فوائد میں اور بھی اضافہ ہو جائے گا۔

ختم شد